کیا چار ماہ میں تیار ہونے والی فصل پر عشر لازم ہوگا؟

مجیب: مولانا سید مسعود علی عطاری مدنی

فتوی نمبر: Web-1808

تاریخ اجراء: 29 ربیع الاول 1446 ھ/04 اکتوبر 2024ء

دار الافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

مجھے ایک سوال میں آپ کی رہنمائی چاہیے کہ میرے پاس ایک زمین ہے جس کی فصل چار ماہ میں تیار ہو جاتی ہے، معلوم یہ کرنا ہے کہ اس پر زکوٰۃ ادا کی جائے گی یا نہیں اور اگر کی جائے گی، تو کتنی ادا کی جائے گی اور اس کا نصاب کیسے نکالا جائے گا؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِكِ الۡوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الۡحَقِّ وَالصَّوَابِ

کھیتی باڑی والی زمین میں جب فصل کاشت کی جاتی ہے، تو اس سے جتنی بھی فصل حاصل ہو گی، اس پر عشر یا نصف عشر لازم ہو گا، اسی کو زمین کی زکوۃ کہا جاتا ہے، اس میں نصاب کی کوئی حد نہیں اور نہ ہی سال گزرنا شرط ہے، بلکہ جب بھی فصل حاصل ہو گی اور جتنی بھی حاصل ہو گی، اس پر عشر یا نصف عشر لازم ہو گا۔

عشر یا نصف عشر لازم ہونے کی تفصیل یہ ہے کہ اگر زمین کی آب پاشی زمین کی نمی سے ہوئی یا بارش کے پانی سے ہوئی، تو اس صورت میں عشر یعنی کل پیداوار کا دسواں حصہ نکالنا لازم ہو گا اور اگر زمین کی آب پاشی آلات مثلاً ڈول، چرسا یا ٹیوب ویل کے ذریعہ پانی حاصل کر کے کی گئی، تو نصف عشر یعنی کل پیداوار کا بیسواں حصہ ادا کرنا واجب ہو گا۔

بہارِ شریعت میں ہے: ”عشری زمین سے ایسی چیز پیدا ہوئی جس کی زراعت سے مقصود زمین سے منافع حاصل کرنا ہے تو اُس پیداوار کی زکاۃ فرض ہے اور اس زکاۃ کا نام عشر ہے یعنی دسواں حصہ کہ اکثر صورتوں میں دسواں حصہ فرض ہے، اگرچہ بعض صورتوں میں نصف عشر یعنی بیسواں حصہ لیا جائے گا۔“ (بہارِ شریعت، جلد1، صفحہ916، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

اسی میں ہے: ”عشر میں سال گزرنا بھی شرط نہیں، بلکہ سال میں چند بار ایک کھیت میں زراعت ہوئی تو ہر بار عشر واجب ہے۔ اس میں نصاب بھی شرط نہیں، ایک صاع بھی پیداوار ہو تو عشر واجب ہے۔“ (بہارِ شریعت، جلد1، صفحہ 917، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

فتاویٰ فیض الرسول میں ہے: ”جو سبزیاں کہ زمین کی نمی یا بارش کے پانی سے پیدا ہوں، ان میں کل پیداوار کا عشر یعنی دسواں حصہ زکوٰۃ نکالنا واجب ہے اور جو ڈول، چرسے یا مشین وغیرہ سے سیراب کر کے پیدا کی جائیں، ان میں نصف عشر یعنی بیسواں حصہ واجب ہے۔“ (فتاوی فیض الرسول، جلد1، صفحہ504، شبیر برادرز، لاھور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
دار الافتاء اہلسنت
DARUL IFTA AHLESUNNAT
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net